21848-ایک ماہ روزہ رکھنے کی نذرمانی توکیا وہ ماہواری کی قضاء کرے گی؟

سوال

میں نے ایک ماہ روزے رکھنے کی نذرمانی تھی، توکیا جن ایام میں مجھے حیض آئے گا ان کی بعد میں قضاء کرنا ہوگی؟

پسندیدہ جواب

جب کوئی عورت ایک ماہ روزے رکھنے کی نذرمانے تووہ اپنے ایام حیض کے روزے کی قضاء کرے گی، جس طرح وہ ماہ رمضان میں ایام حیض کی قضاء کرتی ہے.

دیکھیں: المغنی لابن قدامۃ المقدسی (86/10).

مستقل فتوی کمیٹی سے اس جیسا ہی سوال دریافت کیا گیا تواس کا جواب تھا:

"جس ماہ کے روزوں کی اس نے نذرمانی تھی اس کے روزے رکھنا اس پرواجب ہیں، اورماہواری کی بنا پروہ کچھ ایام روزے نہ رکھے تواس پراتنے ایام کی قضاء کرنا لازم ہے جوماہواری کی بنا پرروزے نہیں رکھے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.

فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (336/23).

واللہ اعلم.